انتخابی طریقہ

انتخابات کے دن ووٹر اپنے اپنے پولنگ بوتھ جاتے ہیں۔ اور اپنی اپنی باری کا انتظار قطار میں کھڑے ہوکر کرتے ہیں۔ موجودہ دور میں الکٹرک ووٹنگ میشن کا استعمال ہو رہا ہے۔ ووٹر اپنی پسند کے امید وار کا انتخابی نشان دیکھ کر میشن پر لگے بٹن کو دبا کر ووٹنگ کرتے ہیں۔ جس کو پوشیدہ رکھا جاتا ہے۔ انتخابات کے بعد ووٹنگ باکس یا الکٹرانک ووٹنگ مشین کو سیل بند کر دیا جاتا ہے اور اسکو گنتی مرکز کو منتقل کر دیا جاتا ہے۔ پھر ووٹوں کو گنا جاتا ہے جس امیدوار کو سب سے زیادہ ووٹ حاصل ہوتے ہیں۔ ان کی کامیابی کا اعلان کر دیا جاتا ہے۔ جس امیدوار کو اپنے علاقہ کے کُل ووٹوں کا چھٹواں حصہ بھی نہیں مل سکتا وہ اپنی ضمانتی رقم کو نہیں بچا سکتا۔ اگر کسی امیدوار کو یہ محسوس ہو کہ کسی دوسرے امیدوار نے غلط طریقوں کا استعمال کیا ہے۔ تو وہ نچلی عدالت میں انتخابی ضابطہ کی درخواست داخل کر سکتا ہے، اگر نچلی عدالت اس کی بات سے مطمئن ہو جاتی ہے کہ واقعی غلط طریقوں کا استعمال ہوا ہے تو انتخابات کو منسوخ کر دیا جاتا ہے اور نچلی عدالت کے خلاف اعلیٰ عدالت میں درخواست داخل کی جا سکتی ہے۔

.1 صحیح جواب کا انتخاب کیجئے۔

.1 ووٹ دینے والا .... .2 ووٹ دینا ....

.2 جوابات دیجئے۔

.1 موجودہ دور میں ووٹنگ کرنے کے لیے کونسی مشین کا استعمال کیا جاتا ہے؟

.2 ووٹنگ کس طرح کی جاتی ہے؟

.3 جملہ پورا کیجئے۔

.1 ووٹنگ کی خصوصیات....................................

.2 سب سے زیادہ ووٹ حاصل کرنے والا..............................

.4 تفصیل سے جواب دیجئے۔

.1 کونسا امیدوار ضمانت کی رقم کھو دیتا ہے؟ .2 امیدوار عدالت میں کیوں جاتا ہے؟

5 نتائج بتائیے۔

.1 انتخابات میں سب سے زیادہ ووٹ حاصل ہوئے۔..

.2 امیدوار کو کل ووٹ کا چھٹواں حصہ بھی نہیں مل پایا۔..

.3 انتخابات میں بدعنوان طریقہ کا استعمال ہوا۔..

.6 ووٹنگ کے وقت رازداری کیوں رکھی جاتی ہے؟